© rasailojaraid.com



## الحق کے مضامین قارئین کے تاثرات

○ اس دفعہ الحق کا تازہ پرچہ بڑا نافع رہا اداریۃ تحریر تو خوب سے خوب تر رہی "عورت کی امارت کا مسئلہ" از مولانا عبدالقیوم حقانی، ایسا مضمون ہے کہ اس کی مثال ہی نہیں ملتی میں نے اس کی سینکڑوں فوٹو کاپیاں نکلوا کر میاں احباب میں تقسیم کر دیں الحق کا دوسرا مضمون "عربوں کے احسانات یورپ پر" بے حد معلوماتی تھا مولانا عبدالرزاق سنگین پر تحریر کافی دلچسپ تھی کاش اُن پر مزید بھی لکھا جاتا "ہندوستان میں مسلمانوں کی حیثیت" حد درجہ فکر انگیز مضمون ہے۔

(احسان اللہ فاروقی قطر)

○ بندہ کافی عرصہ سے ماہنامہ الحق کے مؤقر اداریئے و مضامین خوب ذوق سے پڑھتا رہتا ہے۔ ماہِ ربیع الاول کے پرچہ میں جب آپ کا مضمون "مستشرقین کی تحقیقی خدمات، دین اسلام کے خلاف یلغار" پڑھا تو دل سے دعائیں نکلیں۔ اور اللہ کریم کا شکر ادا کیا کہ الحمدللہ آج بھی اس مادیت والحاد اور پُرفتن دور میں ایسے علماء کرام موجود ہیں۔ جو کہ "بلا لومۃ لائم" دینِ اسلام کی اشاعت میں مصروف ہیں۔ آپ نے "دو عجوبہ قسم کی باتیں" کی طرف اشارہ فرما کر عالم اسلام پر عظیم احسان فرمایا۔ اسے کاش مسلمان حکمران، مذہبی پیشوا، عام مسلمان اب بھی سنبھل جائیں تو بھی کام ہو سکتا ہے۔ خدا کرے کہ یہ مضمون سب کے لیے سنگِ میل ثابت ہو، آمین تازہ ترین "رجب" کے شمارے میں آپ نے سندھ کورٹ کے جسٹس وجیہ الدین کے بیان اور افغان زعماء کو راہ راست پر رہنے کی بابت جو اداریۃ کلمات تحریر فرمائے ہیں۔ واقعتہً یہ دارالعلوم حقانیہ کی دلیلِ حقانیت ہے۔ اور حضرت شیخ الحدیث (نور اللہ مرقدہ) کے روحانی فیوضات۔ اللھم زد فزد (بندہ اشرف علی حقانی)

## قارئین سے گذارش

ماہنامہ الحق اپنے پروردگار کے فضل و کرم اور اپنے مخلصین کی سرپرستی و تعاون سے بحمداللہ ۲۶ سال سے علم دین اور ملک و ملت کی مقدور بھر خدمت کر رہا ہے پرچے کا بنیادی مقصد دعوتِ دین، اور اعلاء کلمۃ اللہ سے خالص تبلیغی اور دینی نقطہ نظر سے ہماری یہ امکانی کوشش رہی ہے کہ پرچہ کی طباعت عمدہ اور معیاری ہو مگر مسلسل منہگائی اور غیر ملکی شرح ڈاک میں دوبارہ اضافوں کی صورت حال کے پیش نظر مجبوراً الحق کے سالانہ بدل اشتراک میں جنوری ۱۹۹۲ء سے معمولی سا اضافہ کر کے سالانہ چندہ ۱۰۰ روپے کیا جا رہا ہے امید ہے کہ جملہ قارئین ادارہ کی مشکلات کے پیش نظر اپنا تعاون حسبِ سابق جاری رکھیں گے۔ البتہ جن قارئین کا سالانہ بدل اشتراک موصول ہو چکا ہے ان سے سالانہ بدل اشتراک کے اختتام تک کوئی اضافی رقم نہیں لی جائے گی۔

بیرون ملک قارئین کے لیے سالانہ بدل اشتراک بذریعہ ہوائی جہاز ۲۵ امریکی ڈالر ہیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com